# 2021

## URDU—HONOURS

## Paper : DSE–A–1

## (Meer)

## Full Marks:65

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1. درج ذیل میں سے کسی دس سوالوں کے جواب دیجئے۔ 2×10=20

(i) میر کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

(ii) میر کتنی عمر میں دلّی آئے اور کیوں؟

(iii) میر کے عہد میں دلّی پر جن دو بادشاہوں نے حملے کئے ان کے نام بتایئے۔

(iv) میر نے لکھنؤ کا سفر کب کیا اور اس وقت لکھنؤ میں کس نواب کی حکومت تھی؟

(v) میر کے اردو میں کل کتنے دیوان ہیں؟ میر کے دیوان کا پہلا شعر لکھئے۔

(vi) میر کی تعریف میں غالب نے جو شعر کہا ہے اسے تحریر کیجئے۔

(vii) ''یہ نمائش سراب کی سی ہے''
یہ شعر مکمل کیجئے اور ''سراب'' کے معنی بتایئے۔

(viii) ''تصوف'' کے موضوع پر میر کا ایک شعر لکھئے۔

(ix) آپ کے نصاب میں شامل میر کی کسی ایک رباعی کے پہلے دو مصرے تحریر کیجئے۔

(x) ''در ہجو خانۂ خود'' کا تعلق کس صنف سے ہے۔اس کا پہلا شعر لکھئے۔

(xi) آپ کے نصاب میں شامل میر کے مرثیہ کا پہلا شعر تحریر کیجئے۔

(xii) میر کی شاعری پر کتاب ''شعر شور انگیز'' کس نے لکھی ہے۔اور اس کے کتنے جلد ہیں؟

(xiii) ''نقدِ میر'' اور ''اسلوبیاتِ میر'' کے مصنف کے نام بتایئے۔

2. کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔ 10×3=30

(i) میر کی سیرت اور شخصیت پر اظہارِ خیال کیجئے۔

(ii) میر کے عہد کے سماجی حالات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(iii) میر کی عشقیہ شاعری سے بحث کیجئے۔

(iv) ''در ہجو خانۂ خود'' کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجئے۔

(v) میر کو بحیثیت رباعی گو پیش کیجئے۔

3. درج ذیل میں سے کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ 5×3=15

(i) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

(ii) دل ہے داغِ جگر ہے ٹکڑے آنسو سارے خون ہوئے
لہو پانی ایک کرے، یہ عشق لالہ عذاراں ہے

(iii) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

(iv) ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہم کو عبث بدنام کیا

(v) حیرت ہے کہ ہوا رقیب محرم تیرا
ہمراز و انیس وقت و ہمدم تیرا
جو عکس ترے سامنے اکثر وہ ہو
جوں آئینہ منھ تکا کریں ہم تیرا